Charles Weston School Coombs P&C
(سکول میں والدین اور شہریوں کی ایسوسی ایشن)

سوالات اور جوابات

P&C سے کیا مراد ہے؟

اکثر سکولوں میں والدین کا ایک گروپ ہوتا ہے جو سکول سے تعلق رکھنے والے لوگوں کا نمائندہ ہوتا ہے۔

Charles Weston میں اس گروپ کو **P&C** ایسوسی ایشن کہتے ہیں جس کا مطلب پیرنٹس اینڈ سٹیزنز (والدین اور شہری) ہے۔ ہم والدین کی میٹنگیں منعقد کر کے سکول اور مقامی لوگوں سے تعلق رکھنے والے معاملات پر بات چیت کرتے ہیں۔

P&C کے ارکان کون ہوتے ہیں؟

Charles Weston کے تمام بچوں کے والدین اور نگران خود بخود **P&C** کے رکن بن جاتے ہیں۔

P&C کمیٹی کیا ہوتی ہے؟

P&C کمیٹی ان رضاکار والدین یا نگرانوں پر مشتمل ہوتی ہے جو گروپ کو چلانے میں مدد کرتے ہیں۔ والدین اور نگران اپنے آپ کو نامزد کرتے ہیں اور انہیں **12** مہینوں کے لیے کمیٹی کے عہدوں پر منتخب کیا جاتا ہے۔ کمیٹی میں یہ عہدے دستیاب ہیں:

لازمی عہدے	اختیاری عہدے
صدر	جنرل کمیٹی کے ارکان
نائب صدر	کمیونیکیشنز آفیسر
سیکریٹری	کاؤنسل کا نمائندہ
خزانچی	فنڈز اکٹھے کرنے کا منتظم
پبلک آفیسر	

P&C کی میٹنگ کب ہوتی ہے؟

ہم ہر ٹرم کے ہفتہ **3** اور ہفتہ **8** میں منگل کے دن میٹنگ کرتے ہیں۔ سکول کے نیوزلیٹر اور **P&C** کے فیس بک پیج پر میٹنگوں کا اشتہار دیا جاتا ہے۔ سب والدین اور نگران شریک ہو سکتے ہیں۔

ان میٹنگوں میں ہم سرگرمیوں، پروگراموں اور سکول کو فائدہ پہنچانے کے طریقوں پر بات چیت اور فیصلے کرتے ہیں۔

میٹنگیں شام کو **7** بجے کمیونٹی روم میں یا وڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شروع ہوتی ہیں۔

فیس بک پر ہمیں دیکھیں
@CWSCParents

P&C کا کردار کیا ہے؟

P&C والدین اور نگرانوں کو سکول کمیونٹی کے معاملات میں شریک کر کے سکول کے لیے سماجی مدد فراہم کرتی ہے۔ ہم سکول اور طالبعلموں کی مدد کی خاطر پروگرام اور فنڈز اکٹھے کرنے کی سرگرمیاں کرتے ہیں۔

ہم سکول کا کلودنگ پول (کپڑوں کا ذخیرہ) چلانے کے ذمہ دار ہیں۔

P&C اور سکول بورڈ میں کیا فرق ہے؟

ACT گورنمنٹ کے ہر سکول میں ایک سکول بورڈ ہے – یہ وہ انجمن ہے جہاں والدین، نگران، عملہ اور طالبعلم اپنے سکول کے لیے فیصلے کرنے میں شریک ہو سکتے ہیں۔ بنیادی طور پر بورڈ سکول کی پالیسی ساز انجمن کا کام کرتا ہے۔

سکول بورڈ سال میں کم از کم چار میٹنگیں کرتا ہے اور عہدوں پر لوگوں کا انتخاب کیا جاتا ہے۔ بورڈ کے ارکان کو کم از کم **12** مہینوں کی مدت کے لیے منتخب کیا جاتا ہے لیکن وہ **24** مہینوں سے زیادہ کام نہیں کر سکتے۔

P&C بورڈ کے ساتھ مل کر کام کرتی ہے اور اکثر بورڈ کے زیر غور لانے کے لیے معاملات بورڈ کو بھیجتی ہے۔

کلودنگ پول (کپڑوں کے ذخیرے) سے کیا مراد ہے؟

کلودنگ پول گھرانوں کے لیے استعمال شدہ سکول یونیفارم خریدنے کا موقع ہے۔ ہم والدین اور نگرانوں کے لیے باقاعدہ وقفوں سے کلودنگ پول سیل رکھتے ہیں تاکہ وہ سکول میں آ کر یونیفارم دیکھیں اور کم قیمتوں پر انہیں خرید سکیں۔

P&C ان گھرانوں کی مدد کے لیے بخوشی حاضر ہے جنہیں سکول یونیفارم خریدنا مالی لحاظ سے مشکل لگتا ہے۔

میں استعمال شدہ سکول یونیفارم کہاں سے خرید سکتا/سکتی ہوں؟

ہر ٹرم میں ہم سکول میں کلودنگ پول کھولتے ہیں۔

کلودنگ پول سیل کی تاریخ اور وقت کو سکول کے نیوزلیٹر اور P&C کے فیس بک پیج پر مشتہر کر دیا جاتا ہے۔

کیا میں کلودنگ پول کو عطیہ دے سکتا/ سکتی ہوں؟

ہم سب والدین اور نگرانوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ کلودنگ پول کو اچھے معیار کے استعمال شدہ یونیفارم عطیے میں دیں۔ اس طرح آپ P&C اور سکول کے لیے لازمی ضرورت کے فنڈز مہیا کرنے میں مدد کر رہے ہوں گے۔

آپ کلودنگ پول کے لیے کپڑوں کے عطیات سکول کے دفتر میں پہنچا سکتے ہیں۔

P&C دوسرے کونسے کام کرتی ہے؟

ہم مقامی لوگوں کو شامل کرنے اور فنڈز اکٹھے کرنے کے مواقع کے لیے نئی تجاویز کا خیرمقدم کرتے ہیں۔ ہم بہت سے پروگرام چلاتے ہیں اور طالبعلموں اور گھرانوں کو بہت سی خدمات فراہم کرتے ہیں۔ ماضی کی سرگرمیوں میں یہ شامل ہیں:

- سکول ڈسکو
- نئے والدین کے استقبال کے لیے تحائف
- اساتذہ کا شکریہ ادا کرنے کے لیے تحائف
- ویلکم پکنک اور الیکشن بار بی کیو
- سوالیہ مقابلے کی شام
- مدرز ڈے اور فادرز ڈے کے ناشتے اور تحائف کے سٹال
- کمیونٹی کیرلز (کرسمس کے گیتوں) کے موقع پر کوکیز کی سجاوٹ اور تحائف کا سٹال
- ہمسایوں کا دن
- فنڈز اکٹھے کرنے کے پروگراموں کے سلسلے میں سٹوڈنٹ پارلیمنٹ کے ساتھ مل کر کام

میں رضاکار کیسے بن سکتا/سکتی ہوں؟

رضاکارانہ خدمات کے ایسے بہت سے طریقے ہیں جن سے آپ ہمارے سکول کی مدد کر سکتے ہیں۔ کچھ لوگ یہ مدد پیش کرتے ہیں:

- کلودنگ پول کے لیے یونیفارموں کی دھلائی اور چھانٹی
- فنڈز اکٹھے کرنے کے پروگراموں کے لیے بیکنگ
- کمیونٹی بار بی کیو کے مواقع پر کھانا پکانا
- پروگراموں میں کھانا پیش کرنا
- پروگراموں کے انتظامات۔

میں کن طریقوں سے P&C کے کام میں شامل ہو سکتا/سکتی ہوں؟

آپ کئی مختلف طریقوں سے شامل ہو سکتے ہیں:

- میٹنگ میں تشریف لائیں
- ہمارے پروگراموں اور سرگرمیوں میں مدد دیں
- فنڈز اکٹھے کرنے کے لیے تجاویز دیں
- اپنی رضاکارانہ مدد پیش کریں۔

میں P&C سے کیسے رابطہ کر سکتا/سکتی ہوں؟

ہم آپ کی تجاویز اور آراء سننے میں بہت دلچسپی رکھتے ہیں۔ ہم آپ کو میٹنگ میں آنے کی دعوت دیتے ہیں – سب لوگوں کا خیرمقدم ہے۔

آپ یہاں ای میل کر کے بھی P&C سے رابطہ کر سکتے ہیں:
charleswestonparents@gmail.com

مجھے ایک مسئلہ یا تشویش ہے – میں کس سے ذکر کروں؟

اگر آپ کے مسئلے یا تشویش کا تعلق P&C سے ہے تو آپ کو ہمیں ای میل کرنے یا میٹنگ میں مسئلہ اٹھانے کی دعوت ہے۔

سکول کی پالیسی یا حکمت عملی سے تعلق رکھنے والے معاملات کے لیے، آپ کو یہاں ای میل کر کے سکول بورڈ یا پرنسپل سے رابطہ کرنا چاہیے:
charlesweston@ed.act.edu.au

اپنے بچے سے تعلق رکھنے والے معاملات کے لیے، براہ مہربانی اس طریقے سے یہ ای میل ایڈریس مکمل کر کے اپنے بچے کے استاد سے رابطہ کریں:
firstname.lastname@ed.act.edu.au

براہ مہربانی تمام ای میلز کے جواب کے لیے 48 گھنٹوں تک کا وقت ذہن میں رکھیں۔

دوسرے گھرانوں سے ملنے اور Charles Weston سکول کمیونٹی میں تعلقات بنانے کے لیے P&C ایک بہت عمدہ طریقہ ہے۔

فوری اہمیت کے سوالات

کسی بھی فوری اہمیت کے معاملے کے لیے سکول کے دفتر کو 02 6142 0404 پر فون کریں۔

ACT Government
Education